سوال

(957)فارمی مرغی جلالہ بن جائے تو حرام ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ نے فرمایا: فارمی مرغی جلالہ بن جائے تو حرام ہے۔ ہمارا ایک سیل مرغ چوہے بہت شوق سے کھاتا تھا زیادہ سے زیادہ انہی کی تلاش میں پلا۔ دانہ بھی کھاتا تھا ہم نے اس کو بیچ دیا تھا کیا یہ جلالہ کی صورت ہے؟

(عبدالرؤف)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر وہ دانہ برائے نام کھاتا تھا زیادہ تر جلہ اور چوہے کھاتا تھا تو بلاشبہ وہ جلالہ تھا۔

[''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ کے گوشت اور دودھ سے منع فرمایا (جلالہ اس جانور کو کہتے ہیں جس کی خوراک میں گندگی اور نجاست کثرت سے ہو)''[1]

1 ابوداؤد، کتاب الاطعمة، باب النھی عن أکل الجلالة۔ ابن ماجہ کتاب الذبائح، باب النھی عن لحوم الجلالة۔ ترمذی، کتاب الاطعمة، باب ما جاء فی أکل لحوم الجلالة والبانھا۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص 667

محدث فتویٰ